پناہ حاصل کرنے (ازائلم)، اپنے خاندان سے واپس ملنے (شمولیت) اور جگہ کی منتقلی کے لئے درخواست جمع کرانے کا طریقہ

خود کو پناہ گزین ثابت کرنے کے لیےآ پ کو خود جا کر اپنی درخواست پناہ گزین کے دفتر (ازائلم آفس) میں جا کر جمع کرانالازم ہے۔ اگر آپ کے خاندان کاکوئی فرد یونان میں ہیں تو آپ ان کی رضامندی سے انکی درخواست بھی جمع کروا سکتے ہیں

آپ میں سے کچھ افراد رجسٹریشن سے پہلے کے عمل سے گرز چکے ہوں گے، انہیں چاہیے کہ وہ پناہ گذین کے دفتر(ازائلم آفس) سے ایس ایم ایس کا انتظار کریں جس میں انہیں آنے والی ملاقات کی تاریخ کے بارے میں بتایا جائے گا۔

<u>پہلا مرحلہ (رجسٹریشن سے پہلے کا مرحلہ یا پری رجسٹریشن):</u>

وہ افراد جو رجسٹریشن سے پہلے کے مرحلے (یعنی پری رجسٹریشن) سے نہیں گزرے، انہیں چاہیے کہ اپنی درخواست رجسٹر کرانے کے لئے اسکائپ کے زریعےازائلم آفس سے ملاقات طے کریں

اسکائپ پر انٹرویو سے متعلق ہدایات نیچے دی گئی ہیں:

اپنے آپ کو پناہ گذین ثابت کرنے کے لیے رجسٹریشن آفس سے وقت لینے کے لئے آ پ کو ان اشیا کی ضرورت ہو گی:

۱۔ کمپوٹر یا لیپ ٹاپ جس میں تیز انٹرنیٹ لگا ہو

۲۔ ایئر فون جس میں مائک بھی ہو جس سے بات کی جا ئے گی۔

۳۔ کمپوٹر سے کنیکٹڈ(کنکشن کیا ہوا) کیمرا

۴۔ اسکایپ کا سافٹ ویئر جو پہلے سے آپ کے کمپیوٹر میں انسٹال ہو۔
اسکائپ پر بات کرنے کے لئے اسکائپ کا اکاونٹ ہونا بھی لازم ہے جو مفت میں بنایا جا سکتا ہے۔

اگر اوپر دیا گیا سامان مہیا نا ہو پائے تو ایک ٹیبلٹ بھی استعمال کیا جا سکتا ہے جس میں تیز انٹرنیٹ کنکشن، کیمرہ اور بات کرنے کے لیے ائیر فون بمعہ مائیک موجود ہو۔ اس کے علاوہ اسکائپ سافٹ وئیر کا موجود ہونا بھی ضروری ہے۔ واضح رہے کہ اسکائپ ٹائم خریدنے کی بلکل کوئی ضرورت نہیں ہے۔ اسکائپ پراس آئی ڈی پر بغیر پیسے دیے کال ملائیں:

asylum.service (سکائیپ آئی ڈی)

کال ملانے کا طریقہ:

1 . Contacts (روابط) پر جائیں

2. Add Contact (رابطہ تلاش کرنا) پر جائیں

تلاش کریں نیچے دی گئی اسکائپ آئی ڈی:

asylum.service

اوپر دی گئی آئی ڈی تلاش کر کے اپنے پاس ایڈ کریں اور اسکائپ کال 4.کریں

واضح رہے کہ اسکائپ آئی ڈی ملکی شہریت اورکال کرنے کے مقصد کے مطابق تبدیل ہو سکتی ہے۔

اسکائپ پر بات کرنے کے لئے پناہ گذینوں کے لئے اوقات کار:

اسکائپ پر بات کرنے کے لئے پناہ گذینوں کے لئے اوقات کار انٹرنیٹ کے ذریعے اس پتے پر دیکھے جا سکتے ہیں:

http://refucomm.com/infopacks/greece-mainland/asylum-in-greece/skype-schedule/en/greece-mainland_asylum-in-greece_skype-schedule_EN.pdf

یونانی زبان میں اسکائپ کے اوقات کار یہاں دیکھیں:

http://asylo.gov.gr/wp-content/uploads/2016/08/Skype_program_Greek_8_2016.pdf

وہ درخواست گزار جن کے پاس انٹرنیٹ کی سہولت میسر نہیں ہے اور وہ رجسٹریشن کروانا چاہتے ہیں تو وہ ان این جی اوز اور آرگنائزیشن سے رابطہ کر سکتے ہیں:

میٹادرسی

Metadrasi: 8 Thesprotias Street, 10444, Athens | metadrasi@gmail.com

فاروس

Faros: 18 Ioulianou Street,10682, Athens | hansen@faros.org.gr

گریک کائونسل آف ریفیوجیز

Greek Council for Refugees: 25 Solomou Street, Exarcheia, 10682, Athens | gcr1@gcr.gr

ایسوسی ایشن آف سوڈانی ریفیوجیز

Association of Sudanese Refugees: 2 Astypalaias Street and 224 Patision Street, 11256, Athens |amiralnour@gmail.com

بابیل

Babel – Day Center: 72 Drosopoulou Street, 11257, Athens | babel@syn-eirmos.gr

آرسیس

Arsis: 43 Mavrommateon Street, 10434, Athens | arsisathina@gmail.com

یوکرینین ان گریس

Ukrainians in Greece: 13 Tsamadou Street, Exarcheia | ukraintsigr@yahoo.gr

جنریشن ٹو فار رائٹس اکوالٹی اینڈ ڈائورسٹی

GENERATION 2.0 For Rights Equality & Diversity: 3 Anaxagora Street, 105 52, Athens | http://www.g2red.org | phone number: +30 216 700 3325

اناسا کلچلر سینٹر آف افریکن آرٹ اینڈ کلچرز

Anasa – Cultural Center of African Art and Cultures: 24 Sfaktirias and Plataion Street, 10435, Kerameikos, Athens |natasa.chanta.martin@gmail.com

کمیونٹی آف افغان مائگریںٹس اینڈ ریفیو جیز

Community of Afghans Migrants and Refugees: 35 Chalkokondyli Street, Athens, | taher.alizadah@yahoo.com

مزید معلومات:

جب آپ اسکائپ کال مکمل کر چکیں تو آپ پناہ گزین آفس (ازائلم سروس آفس: ایتھنز، تھیسا لونوکی، الیکسانڈرو پولیز یا روڈز آفس) کی طرف سے ان کی مرضی کا ایک کوڈ اور تاریخ دی جائے گی۔

یونان کے ازائلم سروس کے نمائندے کے مطابق رجسٹریشن سے پہلے کے مرحلے (پری رجسٹریشن) کی تاریخ عام طور پر اسکائپ کال کے پانچ دن بعد کی دی جاتی ہے۔

پری رجسٹریشن کے بعد درخواستگار کو ایک کارڈ دیا جاتا ہے جس میں اس کے رجسٹریشن کے لئے ملاقات کی تاریخ درج ہوتی ہے۔ اس کارڈ کے حصول کے بعد کارڈ کے حامل افراد کو یونان میں صحت اور تعلیم کے سہولیات میسر ہو جاتی ہیں۔ مزید معلومات کے لئے پناہ گزینوں کے حقوق و فرائض کے کاغذات دیکھیں۔

پری رجسٹریشن کے بعد درخواستگار کو رجسٹریشن کا عمل مکمل کرنا ہوگا۔

نیچے دیا گیا اگلا مرحلہ ہر اس فرد پر لاگو ہوگا جس نے پری رجسٹریشن کا مرحلہ پورا کرلیا ہو، آیا اسکائپ کے ذریعے یا پھر خود ملاقات کے ذریعے۔

<u>دوسرا مرحلہ۔ رجسٹریشن کے لئے ملاقات کی تقرری:</u>

درخواستوں کی بھاری تعداد کی وجہ سے رجسٹریشن کے لئے ملاقات کا وقت عام طور پر پری رجسٹریشن کرانے کے پانچ سے سات ماہ بعد کا ملتا ہے۔

مثال کے طور پر اگراسکائپ کے ذریعے پری رجسٹریشن کا مرحلہ اگست دو ہزار سولہ میں ہے تو رجسٹریشن کے لئے ملاقات کا وقت دو ہزار سترہ کے شروع کا ملے گا

رجسٹریشن کے لئے ملاقات کےوقت درخواستگزار کو ایک نیا کارڈ دیا جائے گاجس میں پناہ کے لئے انٹرویو کی تاریخ درج ہوگی۔ اس کارڈ کے xzzذریعے آپ کو درج ذیل سہولیات میسر ہوں گی:

صحت

تعلیم

ملازمت کرنے کا حق

اسی دستاویز میں پناہ گزینوں کے حقوق و فرائض کے بارے میں پڑھا جا سکتا ہے۔

تیسرا مرحلہ۔ پناہ (ازائلم)کے لئے انٹرویو:

یونان کی ازائلم سروس کے مطابق انٹرویو کی تاریخ عام طور پر رجسٹریشن کے ایک ماہ بعد کی دی جاتی ہے۔

آپ کے کیس کی نوعیت کے مطابق یہ بھی ممکن ہے کہ آپ کو یورپ کے کسی دوسرے ملک منتقل کیا جا ئے (ری لوکیشن)یا آپ کو یورپ میں رہائش پزیر اُپ کے خاندان کے کسی فرد کے ساتھ واپس ملا دیا جائے(ری یو نیفی کیشن) ۔ آپ کے پاس جو بھی اختیار موجود ہوں گے اس کا تعلق آپ کے کیس پر اور یونان و یورپی یونین کے قوانین پر ہوگا۔

وہ افراد جن کا پہلے سے رجسٹریشن سے پہلے کا عمل(پری رجسٹریشن) ہو چکا ہے اور ان کے پاس پناہ گزین کا کارڈ موجود ہے وہ اپنے فیصلے کے آنے سے پہلے تک یونان میں ٹھر سکتے ہیں۔ وہ لوگ جنھوں نے رجسٹریشن سے پہلے کا مرحلہ مکمل نہیں کیا، انہیں اسکائپ پر اپنے پہلے انٹرویو کے بعد پناہ گزین کے آفس کی طرف سے کارڈ دیا جائے گا ۔

ملاقاتوں کے تعین کی لسٹیں درج ذیل ویب سائٹ پر شائع کی جائیں گی:

http://asylo.gov.gr

مزید یہ کہ اگر آپ کسی آفیشل جگہ پر رہ رہے ہیں تو ازائلم آفس کاغذوں پر ملاقاتوں کی لسٹیں ان جگہوں پر مہیا کرے گا۔

یہ انتہائی ضروری ہے کہ آپ ملاقات کے وقت ملاقات کرنے اپنی رجسٹریشن مکمل کرانے ضرور جائیں۔ اگر آپ ملاقات کے لئے نا جا سکے تو آ پ کو اپنا پراسس بلکل ابتدا سےشروع کرنا ہوگا جو آپ اسکائپ کے ذریعے ملاقات کا وقت لیکر دوبارہ شروع کر سکتے ہیں۔

آپ کی پناہ گزین آفس کے ساتھ ملاقات کی نئی تاریخ کی جلدی یا تاخیر کا تعلق درج ذیل باتوں سے ہے:

١۔ آپ کی یونان میں آنے کی تاریخ

٢۔ آ پ کی زبان

٣۔آپ کی درخواست کا مقصد: آیا آپ یونان میں رھنے کے لیے درکواستگار ہیں یا یورپ کے کسی دوسرے ملک میں منتقلی کے لئے یا پھر یورپ کے کسے دوسرے ملک میں اپنے خاندان کے افراد سے جڑنے کے لئے۔

مکمل رجسٹریشن کے بعد آپ کو حق ہو گا کہ آپ:

١۔ پناہ گزین آفس کے فیصلے تک یونان میں قانونی طور پر رہ سکتے ہیں-یعنی فیصلہ آنے تک آپ کو آپ کی مرضی کے بغیر کسی دوسرے ملک واپس نہیں کیا جا سکے گا۔

٢۔ آپ کے بچے اسکول جا سکیں گے۔ یونان میں پبلک اسکولوں میں پیسے نہیں لیے جاتے۔

٣۔ آپ رجسٹریشن سے پہلے کے مرحلے کے بعد یونان میں آزادی کے ساتھ گھوم پھر سکتے ہیں لیکن یورپ کے کسی دوسرے ملک جانے کی اجازت نہیں ہو گی۔

۴۔ گورنمنٹ آپ کو رہنے کے لئے اپنے ملک میں جگہ دے گی۔ وہاں آپ کو کوئی کرایہ نہیں دینا پڑے گا۔ آپ اپنی مرضی سے گورنمنٹ کی طرف سے دی جانے والی جگہ کا انتخاب نہیں کر سکتے۔ اگر آپ اس جگہ نہ رہنا چاہیں تو آپ منع کر سکتے ہیں۔

۵۔ آپ کو صحت کی سہولیات بھی میسر ہوں گی لیکن آپ کو دوائیوں اور اس سلسلے میں دوسری خدمات کے پیسے خود ادا کرنے ہوں گے۔

رجسٹریشن سے پہلے کا مرحلہ پورا کرنے کا مطلب ہر گز یہ نہیں کہ آپ یونان میں کام کرنے کے اہل ہیں۔ آپ صرف اس صورت میں یونان میں کام کر سکتے ہیں جب آپ پناہ گزین آفس (ازائلم آفس) سے ملاقات کے وقت رجسٹریشن مکمل کر چکے ہوں ۔ یہ مرحلہ بعد کے عمل کا حصہ ہے۔

اگر آپ نہ تو یونان میں پناہ لینے کے درخواستگار ہیں (ازائلم سیکر)، نہ ہی آپ یورپ کے کسی دوسرے ملک میں جانا چاہتے ہیں (اپنے خاندان کے کسی دوسرے افراد کے پاس (ری یو نی فی کیشن)یا محض جگہ کے منتقلی کے لئے(ری لو کیشن))، بلکہ آپ اپنے ملک واپس جانا چاہتے ہیں تو آپ کو چاہیے کہ آپ انٹرنیشنل آرگنائزیشن آف مائگریشن سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کے خاندان کا کوئی قریبی فرد(میاں ، بیوی یا کوئی بچہ جس کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہو) جو قانونی طور پر یورپ کے کسی دوسرے ملک میں رہ رہے ہوں، تو آپ کو یہ معلومات رجسٹریشن کے وقت بتانی لازم ہے۔ آپ کو اپنی بات کو ثابت کرنے کے لئے کاغذات بھی دکھانے ہوں گے۔

اگر آپ کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہے اور آپ اپنے والد یا والدہ کے ساتھ سفر نہیں کر رہے، تو برائے مہربانی رجسٹریشن کے وقت یہ بات ضرور بتائیں۔ اگر آپ کے خاندان کا کوئی فرد قانونی طور پر یورپ کے کسی دوسرے ملک میں رہ رہا ہو تو اس کے بارے میں بھی ضرور بتائیں۔ انتہائی ضروری ہے کے آپ اپنی ٹھیک ٹھیک عمر بتائیں۔

اگر آپ کا تعلق ملک شام ، اریٹریا، سینٹرل افریکن ریپبلک، سے شیلس، ڈومونیکا، لائوس یا سعودی عرب سے ہے، یا آپ ایسے شخص ہیں جس کا کوئی وطن نہیں بلکہ اوپر دئے گئے کسی ملک میں رہائش پزیر رہے ہیں، تو پھر بھی آپ یورپ کے دوسرے ملک میں منتقلی (ری لو کیشن)کے لئے درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ ایسے صورت میں رجسٹریشن سے پہلے کے عمل میں آپ کو کلرک کو اس بارے میں بتانا ہوگا کہ آپ یورپ کے کسی دوسرے ملک میں منتقل ہونا چاہتے ہیں جبکہ آپ کی درخواست کسی دوسرے ملک میں زیر غور ہو۔ تاہم اس بات کی کوئی گارنٹی نہیں کہ آپ کو

دوسرے ملک منتقل کیا جائے گا۔آپ اپنی مرضی سے ملک کا انتخاب نہیں کر سکتے۔

آپکا پناہ گزیر کارڈ

رجسٹریشن کے بعد ہر خاندان کے فرد کے پاس اپنا ذاتی کارڈ ہو گا۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ کارڈ ہر وقت آپ کے پاس ہو۔ اس کارڈ کو گم ہونے سے بچائیں، اس پر نہ ہی کچھ لکھیں اور نہ ہی پلاسٹک چڑھائیں۔ کارڈ گم ہونے کی صورت میں دوسراکارڈ نہیں ملے گا۔ اگرپناہ گزین آفس (ازائلم آفس) سے اگلی ملاقات کے وقت آپ کے پاس کارڈ نہ ہوا تو آپ کو عمل بلکل ابتدا سے اسکائپ کے ذریعے سے شروع کرنا ہوگا۔

آپ کو اور آپ کے خاندان کے تمام افراد کو پناہ گزین آفس (ازائلم آفس) سے ملاقات کے لئے آنا ہوگا۔

اگر آپ کا فون نمبریا پتہ تبدیل ہو تو ازائلم آ فس کو ای میل کے ذریعے اس آئی ڈی پر اطلاع پہنچائیں:

new.numbers@asylo.gov.gr

یہ اطلاع دینا بہت ضروری ہے کیونکہ حکام آپ کو ملاقات کے بارے میں بتانے کے لئے آپ سے رابطہ کریں گے۔ ای میل میں آپ اپنا نام، تاریخ پیدائش، رجسٹریشن نمبر، نیا پتا، نیا فون نمبر انگریزی یا یونانی زبان میں لکھیں اور ای میل بھیج دیں۔

بہت اہم ہے کہ آپ پناہ گزین آ فس(ازایلم آفس) سے مقررہ ملاقات ضرور کریں۔ اگر آپ مقررہ ملاقات کے لئے نہیں آ سکے تو آپ کو پورا عمل ابتدا سے اسکائپ کے ذریعے ملاقات کا وقت لے کر شروع کرنا ہو گا۔ مزید یہ کہ آپ کو ملاقات کے لئے آتے وقت اپنا پناہ گزین کارڈ ضرور ساتھ لانا ہوگا۔ اگر آپ یا آپ کے خاندان کے کسی فرد کے پاس کارڈ نہ ہوا تو آپ کو پورا عمل بلکل ابتدا سے اسکائپ کے ذریعے ملاقات کا وقت لے کر شروع کرنا ہوگا۔

اگر دوسرے ملک میں منتقلی کے لئے آپ کوئی سوال کرنا چاہتے ہیں تو آپ ایسو کو کال کر سکتے ہیں۔ کال کرنے کے لئے اگر آپ جنوبی یونان (اتھنز کے نزدیک) میں مقیم ہیں تو اس نمبر پر کال کریں:

+30 69 44 82 91 38

اگر آپ شمالی یونان (تھیسالونوکی کے نزدیک) میں ہیں تو اس نمبر پر کال کریں:

+30 69 89 76 45 98

درج بالا فون نمبرپیر سے جمعے تک صبح نو سے شام پانچ بجے تک کھلے رھتے ہیں

09:00 am to 05:00 pm.

آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ یو این ایچ سی آر یا کسی ایسی دوسری ارگنایزیشن سے رابطہ کریں جو قانونی، طبی اور نفسیاتی مدد فراھم کر سکے۔

مزید معلومات کے لیے انٹرنیٹ پر اس ویب سائٹ کو دیکھیں:

www.refucomm.com/greece

.